وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشن کے تحت عوامی آگاہی کے بارے میں ویبینار

ایشیائی محتسبین کے ساٹھ سے زیادہ نمائندوں کی ویبینار میں آن لائن شرکت

عوام کو گھر کی دہلیز پر انصاف پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اعجاز احمد قریشی

میڈیا محتسبین کے پیغام اور مقاصد کو عوام الناس تک پہنچانے کے لئے اپنا کردار ادا کرے

اسلام آباد(   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے گزشتہ روز ایشین امبڈسمین ایسوسی ایشین (اے او اے) کے تحت محتسب کے اداروں کے بارے میں عوامی آگاہی کے حوالے سے ایک ویبینار کا افتتاح کیا۔ اے او اے ایشیاء میں 47 ممبران پر مشتمل محتسبین کی ایک غیر سیاسی اور اس شعبے کے ماہرین پر مشتمل تنظیم ہے، جس کا مستقل سیکرٹیریٹ، وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ اسلام آباد میں واقع ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی جو اے او اے کے موجودہ صدر بھی ہیں، نے ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ مسلسل اس کوشش میں مصروف ہے کہ عوام الناس کو انتظامی انصاف ان کے گھر کی دہلیز پر پہنچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ وسیع تر عوامی آگاہی محتسب کے کامیاب اداروں کی کلید ہے۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کی شکایات کے فوری ازالے کے لئے محتسب کے اداروں کے بارے میں ایک بھرپور، توانا اور مربوط آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے۔ وفاقی محتسب نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کی جانب سے تمام رکن ممالک پر زور دیا گیا ہے کہ وہ متعلقہ حصہ داروں (اسٹیک ہولڈرز) کے تعاون سے محتسب کے اداروں کے بارے میں آگاہی کے لئے قومی سطح پر ایسے اقدامات اٹھائیں جن سے عام آدمی مستفید ہو سکے۔ سینئر مشاہد حسین سید نے ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے پیشہ ورانہ نقطہءنظر سے عوامی آگاہی میں اضافے کے مختلف طریقوں نیز سرکاری اداروں کی انتظامی زیادتیوں اور بدانتظامیوں کے شکار عوام کی فوری دادرسی کے حوالے سے ایک بھرپور اور مفید لیکچر دیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے مزید دفاتر کا قیام اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کا استعمال عوامی آگہی میں اضافے کے لئے بہت مفید ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے میڈیا اور صحافی برادری پر بھی زور دیا کہ وہ محتسبین کے پیغام اور مقاصد کو عام آدمی تک پہنچانے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرے تاکہ عوام الناس میں اپنے حقوق و فرائض کے بارے میں آگاہی پیدا کی جا سکے۔ ویبینار میں آذربائیجان، بیتن، چین، ہانگ کانگ، انڈونیشیا، ایران، مراکش، تاترستان، تھائی لینڈ اور ترکی کے علاوہ پاکستان کے صوبائی اور وفاقی محتسبین نیز علاقائی دفاتر کے 60 سے زیادہ نمائندوں نے آن لائن شرکت کی۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

15 مئی 2024ء